**29.07.2026**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... شگفتہ یاسمین

**Music**

-------------------------------

☆ لوک سبھا میں پیپر لیک کی روک تھام سے متعلق بل منظور ہوگیا ہے، جس میں سخت جرمانہ عائد کئے جانے اور امتحانات میں غلط طور طریقوں کے استعمال کی روک تھام کیلئے فاسٹ ٹریک عدالتیں قائم کئے جانے کے التزامات ہیں۔

☆ راجیہ سبھا نے ''وندے ماترم'' کو قومی ترانے کی طرح قانونی تحفظ فراہم کرنے سے متعلق قانون منظور کرلیا ہے۔ اس نے قومی گیت کی توہین کو جرم قرار دیا ہے۔

☆ اڈیشہ میں سیلاب کے سبب چار اموات اور تقریباً چار لاکھ لوگوں کے متاثر ہونے سے سیلاب کی صورتحال سنگین ہوگئی ہے۔ چھتیس گڑھ میں بھی شدید بارش سے معمولاتِ زندگی درہم برہم ہیں۔

☆ اقوامِ متحدہ کے انسانی حقوق سے متعلق دفتر نے پاکستان کے زیرِ قبضہ جموں و کشمیر میں مظاہرین پر کی گئی کارروائی پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اس میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 40 ہوگئی ہے۔

☆ اور دولتِ مشترکہ کھیلوں میں 9 بھارتی کے بازوں نے سیمی فائنل میں پہنچنے کے ساتھ ہی ملک کیلئے تمغے یقینی کرلئے ہیں۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**LS Exam Bill Resume**

لوک سبھا نے آج پبلک امتحانات میں غلط طور طریقوں کی روک تھام سے متعلق ترمیمی بل 2026 منظور کرلیا۔ یہ بل پبلک امتحانات میں غلط طور طریقوں کی روک تھام سے متعلق قانون 2024 میں ترمیم کرے گا۔ اس

قانون میں 10 سال تک کی سزا، 10 کروڑ روپے تک کے جرمانے اور قصور وار ٹھہرائے گئے افراد کی املاک کو ضبط کئے جانے سمیت مختلف اہم التزامات ہیں۔ بل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے، عملے، عوامی شکایات اور پنشن کے وزیرِ مملکت ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہا کہ یہ بل طلباء اور نوجوانوں کی فلاح و بہبود کے تحفظ کی خاطر حکومت کے عزم کا اعادہ کرتا ہے۔

SB - 1805 Jitendra Singh - NEET Bill

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ کے خلاف راہل گاندھی کے الزامات کا جواب دیتے ہوئے، ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ حکومت نے بار بار یہ وضاحت کی ہے کہ کوئی گولی نہیں چلی ہے اور صرف آنسو گیس کا استعمال کیا گیا۔ اس سے قبل بحث میں حصہ لیتے ہوئے، کانگریس کے رکنِ پارلیمنٹ راہل گاندھی نے کہا کہ NEET معاملے پر طلباء کا احتجاج تشدد یا نفرت نہیں تھا بلکہ نوجوانوں کا ایک شدید اظہار تھا اور سبھی سیاسی پارٹیوں کو اِس کا احترام کرنا چاہیئے۔

پیش ہے ایک رپورٹ...........

VC Anand Kumar

آج پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں بل پاس ہوئے۔ لوک سبھا میں پبلک امتحان میں غلط طور طریقوں کی روک تھام سے متعلق ترمیمی بل 2026، جبکہ راجیہ سبھا میں قومی اعزاز کی توہین کی روک تھام سے متعلق ترمیمی بل 2026 منظور کیا گیا۔ داخلی امور کے وزیرِ مملکت نتیانند رائے نے آج لوک سبھا میں پیدائش اور اموات کے اندراج سے متعلق ترمیمی بل 2026 پیش کیا۔ ایوانِ زیریں نے ''ایک ملک ایک چناؤ'' سے متعلق قانون کا جائزہ لینے والی مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کی مدتِ کار میں بھی پارلیمنٹ کے موسمِ سرما کے اجلاس 2026 کے آخری ہفتے کے پہلے دن تک توسیع کردی۔

لوک سبھا اور راجیہ سبھا دونوں کی کارروائی آج NEET معاملے پر طلباء کے احتجاج کے دوران مبینہ پولیس کارروائی پر اپوزیشن کے شور و غل کے سبب ملتوی کرنا پڑی اور اس کی وجہ دونوں ایوانوں میں وقفۂ سوالات نہیں ہوسکا۔ کل لوک سبھا میں سپریم کورٹ میں ججوں کی تعداد سے متعلق ترمیمی بل 2026 پیش کیا جانا ہے۔

دلّی سے آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان۔

**RS National Honour**

راجیہ سبھا نے قومی اعزاز کی توہین کی روک تھام سے متعلق ترمیمی بل 2026 منظور کرلیا ہے۔ یہ بل قومی اعزاز کی توہین کی روک تھام سے متعلق قانون 1971 میں مزید ترمیم کرے گا۔ مجوزہ قانون قومی ترانے '' جَن گَن مَن'' کی طرح ''وندے ماترم'' کو قانونی تحفظ فراہم کرے گا۔ اس کی خلاف ورزی پر تین سال تک کی سزا یا جرمانہ یا دونوں ہو سکتے ہیں۔ اس بل کو منظور کئے جانے کے بعد ایوانِ بالا کی کارروائی کل تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔x

**Parliament Reax Gandhi**

اپوزیشن لیڈر اور کانگریس رکن پارلیمنٹ راہل گاندھی کی جانب سے مرکزی وزیر داخلہ پر آج لوک سبھا میں کیے گئے تبصرے پر ایس پی سنگھ بگھیل، رام داس آٹھولے اور ہرش ملہوترا سمیت کئی مرکزی وزیروں نے تنقید کی ہے۔ پارلیمنٹ کے احاطے میں آکاشوانی سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کانگریس لیڈر کی جانب سے

ایوان میں استعمال کی گئی زبان، پارلیمانی کارروائی کے لحاظ سے غیر مناسب تھی۔ x

**RS LWE**

حکومت نے کہا ہے کہ ملک، تقریباً چھ دہائیوں کے تشدد کے بعد بائیں بازو کی اُس انتہا پسندی سے آزاد ہوگیا ہے، جسے کبھی داخلی سلامتی کیلئے سب سے بڑا خطرہ تصور کیا جاتا تھا۔ راجیہ سبھا میں ایک سوال کے جواب میں داخلی امور کے وزیر مملکت نتیانند رائے نے بتایا کہ یہ حصولیابی، بائیں بازو کی انتہاپسندی سے نمٹنے کیلئے قومی پالیسی اور ایکشن پلان کے مضبوط نفاذ اور مرکزی اور ریاستی حکومتوں کے درمیان تال میل پر مبنی کوششوں کی وجہ سے ممکن ہوسکی۔ جناب رائے نے ایوان کو بتایا کہ فی الحال کوئی بھی ضلع، بائیں بازو کی انتہا پسندی سے متاثرہ قرار نہیں دیا گیا ہے۔ x

**Vaishnaw IT EDF**

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارت کے الیکٹرانکس کے شعبے نے حالیہ برسوں میں حکومتی اقدامات اور صنعتی اصلاحات کی بدولت قابلِ ذکر تبدیلی کا مشاہدہ کیا ہے۔ لوک سبھا میں آج اپنے تحریری جواب میں جناب ویشنو نے کہا کہ ملک، بتدریج الیکٹرانکس سسٹم ڈیزائنگ اور مینوفیکچرنگ کے عالمی Hub کے طور پر ابھر رہا ہے۔ جناب ویشنو نے مزید بتایا کہ الیکٹرانکس ڈیولپمنٹ فنڈ، EDF، حکومتِ ہند کی ایک ایسی ہی پہل ہے، جس کا مقصد الیکٹرانکس سسٹم ڈیزائن اور مینوفیکچرنگ میں مارکیٹ سے تحریک پانے والی اختراع کو فروغ دینا ہے۔ x

**Update Odisha Flood**

اڈیشہ کے زیادہ تر حصے میں لگاتار سیلاب اور ندیوں میں پانی کی کثیر مقدار نے ریاست کو سنگین انسانی بحران میں مبتلا کر دیا ہے۔ اِس کے نتیجے میں 4 لوگوں کی موت ہوگئی ہے اور ہزاروں افراد بے سہارا ہوگئے ہیں۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ 304 گرام پنچایتوں کے تقریباً 3 لاکھ 80 ہزار افراد متاثر ہوئے ہیں۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ انتظامیہ نے تیزی سے بدلتی سیلابی صورتحال اور اتھل پتھل بھرے حالات کے درمیان راحت اور بچاؤ کارروائیاں تیز کر دی گئی ہیں۔ سطحِ آب میں ہوئے اضافے کی وجہ سے Baitarani ندی، کیونجھر، جاجپور اور بھدرک ضلعوں کے اپنے طاس میں قہر برپا کر رہی ہے، جبکہ بھدرک، جاجپور اور بالاسور میں سیلاب کی صورتحال انتہائی خطرناک بنی ہوئی ہے۔

اس دوران بھارتی محکمۂ موسمیات نے نووا پاڑہ، کالا ہانڈی، نبرنگ پور اور کورا پٹ ضلعوں میں شدید بارش سے متعلق Orange الرٹ جاری کیا ہے، جس سے سیلابی صورتحال کے مزید بگڑنے کے خدشات بڑھ گئے ہیں۔ x

**Chhattisgarh Rainfall**

چھتیس گڑھ میں گزشتہ دو دنوں سے جاری موسلا دھار بارش کی وجہ سے ریاست کے کئی ضلعوں میں روز مرہ کی زندگی متاثر ہے۔ بستر ڈویژن، مہا سمند، گریا بند اور دھم تاری سمیت مختلف ضلعوں میں بڑی ندیوں میں طغیانی آگئی ہے، جس کے نتیجے میں کئی گاؤوں سے سڑک رابطہ منقطع ہوگیا ہے۔ کئی سڑکوں پر پانی کے بہنے سے ٹریفک کی آمد و رفت بھی متاثر ہے۔ مزید تفصیل ہمارے رائے پور کے نامہ نگار سے............

VC Vikalp Shukla

چھتیس گڑھ میں گریا بند ضلع Pantora میں طالبات کے رہائشی اسکول میں پانی گھس جانے کے بعد پچاس سے زیادہ لڑکیوں کو محفوظ مقام پر منتقل کر دیا گیا۔ Dhamtari ضلع کے نگری بلاک میں کچھ اسکولوں میں پانی بھرنے جانے سے آج تعطیل کرنا پڑا۔ چھتیس گڑھ کے وزیر اعلیٰ وِشنو دیو سائے نے سبھی ضلع کلکٹروں اور دیگر افسران کو الرٹ پر رہنے اور ضروری احتیاطی اقدامات کرنے کی ہدایت دی ہے۔

اِس دوران بھارتی محکمۂ موسمیات نے اگلے چوبیس گھنٹے کے دوران Balod اور Kanker ضلعوں میں شدید بارش سے متعلق ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے ماہر موسمیات ڈاکٹر گائیتری Vani نے کہا کہ رائے پور، دُرگ اور جنوبی چھتیس گڑھ کے کچھ ضلعوں میں Orange الرٹ جاری کیا جاچکا ہے۔

رائے پور سے وکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی۔

## Assam Flood Relief

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آسام کے وزیر اعلیٰ ڈاکٹر ہیمنت بسوا سرما سے بات کی اور بالائی آسام میں تباہ کن سیلاب کے پس منظر میں جاری راحت سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں آسام کے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مرکزی وزیر داخلہ نے زمینی صورتحال سے متعلق معلومات حاصل کیں اور یقین دلایا کہ مرکز، سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں راحت، بحالی اور تعمیر نو کیلئے درکار ہر ضروری مدد کی فراہمی جاری رکھے گا۔

اِس دوران اڈیشہ میں سیلاب سے پیدا ہوئے ہنگامی حالات میں شدت آرہی ہے، کیونکہ ندیوں میں سطحِ آب میں اضافے کی وجہ سے ہزاروں لوگوں کو نقلِ مکانی پر مجبور ہونا پڑا اور کئی ضلعوں میں روز مرہ کی زندگی متاثر ہے۔ x

## Rev POJK Violence

پاکستان کے زیرِ قبضہ جموں و کشمیر میں پیر کے روز Rawalakot سے مظفر آباد تک جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کی جانب سے منعقدہ ایک مارچ کے دوران پاکستانی سکیورٹی دستوں کی مظاہرین کے خلاف کارروائی میں، ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 40 ہوگئی ہے، جبکہ دیگر متعدد زخمی ہیں۔ زیرِ قبضہ علاقے میں کشیدگی میں اضافے کے درمیان انسانی حقوق اور نگرانی سے متعلق ایک ادارے نے انسانی حقوق کے اقوامِ متحدہ کے ہائی کمشنر کے دفتر پر زور دیا ہے کہ وہ پُرامن مظاہرین کے خلاف بے تحاشہ طاقت کے استعمال کے معاملے میں مداخلت کرے۔

اقوامِ متحدہ کے انسانی حقوق سے متعلق دفتر کے ترجمان Jeremy Laurence نے کہا کہ سول سوسائٹی کی ایک تنظیم کو غیرقانونی قرار دینا اور عوامی اجتماعات پر پابندیاں عائد کرنا، اظہارِ رائے، پُرامن اجتماع اور انجمن سازی کے حقوق کی خلاف ورزیوں کے حوالے سے شدید تشویش پیدا کرتا ہے۔

اس دوران پاکستانی عہدیداران نے پاکستان کے زیرِ قبضہ جموں و کشمیر میں 13 نجی اسکولوں کے رجسٹریشن کو یہ کہتے ہوئے، منسوخ کردیا ہے کہ جاری احتجاج میں اُن کی انتظامیہ، عملہ اور طلباء مبینہ طور پر ملوث پائے گئے ہیں۔x

## MORTH Parivartan

خراب ہوتے ہوا کے معیار کے چیلنج سے نمٹنے کیلئے حکومت نے Parivartan نامی گاڑیوں کی تجدید کی پہل منظور کی ہے، جس کا مقصد ٹرانسپورٹ کی فضائی آلودگی اور اخراج کو کم کرنا ہے۔ اس اسکیم کا مقصد، دلّی قومی راجدھانی

خطے میں پرانے اور زیادہ اخراج والے ٹرکوں اور بسوں کو بھارت Stage (BS)-VI اور الیکٹرک گاڑیوں سے تبدیل کرنا ہے۔ x

## CWG Medals

گلاسگو میں جاری دولت مشترکہ کھیلوں میں بھارتی مکّے بازوں اروندھتی چودھری، ساکشی چودھری، سچن Siwach، اَنکُش Panghal اور نریندر Berwal، اپنے اپنے زمروں میں میچ جیت کر سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ اِس طرح انہوں نے ملک کیلئے تمغے یقینی بنا لئے ہیں۔ آج کا دن بھارت کے مُکّے بازی دستے کیلئے بہترین رہا، کیونکہ بھارتی مکے بازوں نے اپنے سبھی پانچ مقابلے جیت لئے ہیں۔

اِن فتوحات کے ساتھ ہی سیمی فائنل میں پہنچے بھارت کے مکُے بازوں کی تعداد 9 ہوگئی ہے۔ وہیں گلاسگو میں جاری دولت مشترکہ کھیلوں میں بھارت کی جانب سے جیتے گئے کُل تمغوں کی تعداد 12 ہوگئی ہے، جن میں سونے کے دو، چاندی کے 7 اور کانسے کے 3 تمغے شامل ہیں۔ x

## J&K Amarnath Yatra

بھگوان شیو کی پوِتر گدا اور سالانہ امرناتھ یاترا کی علامت، روایتی چھڑی مبارک نے آج گرو پورنیما کے موقع پر سری نگر میں Maisuma کے تاریخی Dashnami اکھاڑے سے اپنا رسمی سفر شروع کیا۔ چھڑی مبارک پوِتر امرناتھ گپھا پہنچنے سے پہلے پہلگام، چندن واڑی، شیشناگ اور پنچ ترنی کے اپنے روایتی راستے کا سفر کرے گی۔ یہ پوِتر سفر شَروَن پورنیما پر پوتر گپھا میں خصوصی پوجا اور مذہبی رسومات کے ساتھ اختتام پذیر ہوگا، جس کے ساتھ اِس سال کی امرناتھ یاترا بھی مکمل ہو جائے گی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆